نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت کپاس کی موجودہ صورتحال سے متعلق لاہور میں جائزہ اجلاس کا انعقاد

خطہ جنوبی پنجاب کو دوبارہ کاٹن ویلی میں تبدیل کرنے کیلئے محکمہ زراعت پنجاب عملی اقدامات اٹھا رہا ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور: 27اپریل 2024( ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت کپاس کی موجودہ صورتحال سے متعلق جائزہ اجلاس کا زراعت ہاؤس لاہور میں انعقاد ہوا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ صوبہ پنجاب میں رواں برس کپاس کی کاشت کا ہدف 40لاکھ ایکڑ جبکہ پیداواری ہدف 65لاکھ گانٹھ مقرر کیا گیا ہے ۔کپاس کی مہم" کپاس کی بحالی ،پاکستان کی خوشحالی" کے نعرے سے عملی طور پر پورے زور وشور سے جاری ہو چکی ہے ۔کپاس کی کاشت اور پیداوار کے اہداف کے حصول کیلئے محکمہ زراعت پنجاب کی طرف سے تمام ممکنہ وسائل اور ذرائع بروئے کار لائے جا رہے ہیں اور پیداوار میں اضافہ کیلئے معیاری زرعی مداخل کی دستیابی یقینی بنائی جا رہی ہے۔انھوں نے متعلقہ افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ مارکیٹوں میں کھادوں، زرعی ادویات اور بیج کے معیار پر زیرو ٹالرینس پالیسی پر عملدرآمد کیا جائے۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ اب تک بارشوں اور موسمی حالات کے باعث گندم کی فصل کی کٹائی اور کپاس کی کاشت قدرے تاخیر کا شکار ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت نے مزید کہا کہ خطہ جنوبی پنجاب کو دوبارہ کاٹن ویلی میں تبدیل کرنے کیلئے محکمہ زراعت پنجاب عملی اقدامات اٹھا رہا ہے۔ بہاولپور ڈویژن تقریباً 50فیصد کپاس کی کل کاشت اور پیداوار کا ہدف حاصل کرتا ہے۔اس ضمن میں کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کے سلسلہ میں جاری سرگرمیوں میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے۔کپاس کے کاشتکاروں کی آگاہی کیلئے تمام ذرائع ابلاغ کا موثر استعمال کیا جائے۔کپاس کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی کی فراہمی بارے کاشتکاروں کے اجتماع منعقد کیے جائیں۔رواں سیزن گزشتہ سال سے زیادہ محنت اور لگن سے فیلڈ سرگرمیاں انجام دی جائیں۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ فیلڈ فارمیشنز اپنی بہترین پیشہ وارانہ صلاحیتیں بروئے کار لا کر مطلوبہ اہداف کے حصول کو یقینی بنائیں۔کپاس کی مہم کی کامیابی کیلئے ضلعی انتظامیہ کا تعاون ضروری ہے۔ڈویژنل اور ڈسٹرکٹ ایڈوائزری کمیٹی کی میٹنگ باقاعدگی سے کرائی جائیں۔کپاس کی کاشت کے علاقوں میں نہری پانی کی وافر مقدار میں فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے واضح کیا کہ تمام فیلڈ اسٹاف کی نان ایگریکلچر ڈیوٹی سے واپس بلا لیا گیا ہے۔ڈائریکٹرز، ڈپٹی ڈائریکٹرز اور اسسٹنٹ ڈائریکٹرز سپروائزری کردار ادا کریں۔تمام ڈائریکٹرز اپنے فیلڈ اسٹاف کی سرگرمیوں کی مانیٹرنگ یقینی بنائیں۔فیلڈ سرگرمیوں کی اگلے ماہ سے ڈیجیٹل مانیٹرنگ یقینی بنائی جائے۔فیلڈ اسٹاف کی غیر حاضری کی صورت میں اسٹاف اور سپروائزر دونوں ذمہ دار ہوں گے۔اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرل زراعت پیسٹ وارننگ پنجاب ڈاکٹر عامر رسول، کنسلٹنٹ افوکل پرسن کاٹن محکمہ زراعت ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈائریکٹر جنرل زراعت (کراپ رپورٹنگ) ڈاکٹر عبد القیوم اور ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆